الدین ترک، حضرت شیخ جلال الدین کبیر الاولیاء، حضرت شیخ اعلیٰ چشتی رحمہم اللہ کے تذکرہ، سوانح، خدمات اور تصوف میں ان کے مقام و مرتبہ پر قلم اٹھایا ہے۔ سبق آموز واقعات، حکایات اور اقوال و ارشادات کا بہترین مرقع ہے۔

قادیانی غداروں کی نشاندہی
مرتب و مؤلف: محمد طاہر عبدالرزاق
قیمت: ۹۰ روپے، ضخامت: ۲۰۸ صفحات
ملنے کا پتہ دار الکتاب عزیز مارکیٹ، اردو بازار لاہور

مرزا غلام قادیانی علیہ اللعنۃ سے لیکر مرزا طاہر کذاب تک پورا خاندان اور قادیانی گروہ یہود و نصاریٰ کے ایجنٹ کے طور پر کام کرتے رہے اور کر رہے ہیں۔ اس گروہ ضالہ کے دامن میں اسلام، امت مسلمہ کے ساتھ غداریوں کے سوا کچھ نہیں اسی حقیقت کو فاضل مرتب و مؤلف نے زیر تبصرہ کتاب میں دلائل و براہین سے آشکارا کیا ہے۔ سر ظفر اللہ خان، ایم ایم احمد، ڈاکٹر عبدالسلام، مرزا بشیر الدین، مرزا ناصر اور مرزا طاہر کی ملک و ملت اور دین اسلام کے خلاف سازشوں اور غداریوں کو طشت از بام کیا ہے اور ان مکروہ چہروں سے نقاب اٹھا کر ان کی غداریوں کو عریاں کیا ہے۔

جنہیں ختم نبوت سے عشق تھا
ترتیب و تدوین: محمد طاہر عبدالرزاق
ضخامت: ۲۱۶ صفحات، قیمت: ۹۰ روپے
ملنے کا پتہ: دار الکتاب عزیز مارکیٹ اردو بازار لاہور

عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور محاسبۂ قادیانیت کی تاریخی جدوجہد میں اکابر احرار اور دیگر علماء اسلام کی لازوال قربانیوں، جہد مسلسل اور عزم مصمم اور عمل پیہم سے معمور ایمان افروز واقعات شہداء ختم نبوت کے جذبہ و شوق اور استقامت و شجاعت سے بھرپور کارناموں کی صدائے بازگشت۔ یہ کتاب انہی عنوانات کے گرد گھومتی ہے اور قاری کو اپنی گرفت میں لیکر محاذ ختم نبوت کا مجاہد و سپاہی بنا دیتی ہے حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور ان کے دیگر رفقاء احرار کے روشن واقعات جن سے تحریک تحفظ ختم نبوت کو جلا ملی حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمہ اللہ اور دیگر اکابر امت کی جرأت ایمان کا تذکرہ جس سے تحریک کو مہمیز ہوئی اور قادیانی ذلت و رسوائی سے آشنا ہوئے محمد طاہر عبدالرزاق کا شمار بھی عشاقانِ ختم نبوت میں ہوتا ہے کہ اپنی تمام صلاحیتیں اور توانائیاں اس مقدس مشن کی تکمیل کیلئے صرف کئے ہوئے ہیں اپنے اسلاف کے ایمان، عزم، صبر و استقامت، ایثار اور جدو جہد کو جاننے کیلئے یہ کتاب ضرور پڑھئے۔

تحفہ فکر و عمل
(مکتوبات، محمد منصور الزمان صدیقی)
ترتیب: مولانا عبدالقیوم حقانی
ضخامت: ۸۳ صفحات۔ قیمت: درج نہیں
ناشر: قاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ۔ صوبہ سرحد

صدیقی ٹرسٹ کراچی...... پاکستان میں دینی، تعلیمی اور سماجی خدمات کے حوالے سے ایک مستند اور معروف ادارہ ہے۔ محترم محمد منصور الزمان صدیقی اس کے بانی و چیئرمین ہیں۔ افغانستان، پاکستان کے شمالی علاقہ جات، بلوچستان، سندھ اور صوبہ سرحد کے پسماندہ علاقوں میں مساجد اور مدارس کا قیام و تعمیر مفت علاج کے لئے ڈسپنسریوں کا قیام و تعمیر اور ادویات کی فراہمی۔ پانی سے محروم علاقوں میں کنوؤں کی کھدائی اور پانی کی فراہمی مدارس عربیہ کے طلباء کے لئے قرآن کریم، حدیث و فقہ اور دیگر درسی کتب کی مفت فراہمی۔ مختلف زبانوں میں دینی لٹریچر کی اشاعت اور تقسیم۔ مختلف اشاعتی اداروں سے دینی کتب

بقیہ 14 پر